# 27-05-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ گریجویٹ ایم ایل سی ضمنی انتخاب کے لئے رائے دہی آج شام پرامن طور پرختم ہوئی۔دوپہر دو بجے تک 49.35 فیصد پولنگ درج کی گئی۔

۲۔ریاست کی یوم تاسیس تقاریب بڑے پیمانے پر منائی جائے گی،سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ پر خصوصی تقریب ہوگی۔

۳۔مرکزی وزیر فینانس نے آج کہا ہے کہ پچھلی ایک دہائی کے دوران نریندر مودی حکومت نے کم اخراجات کے ساتھ مرکزی بجٹ کو ایک نئی شکل دی ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ کا امکان ہے۔

☆☆☆

ورنگل۔کھمم۔نلگنڈہ گریجویٹ ایم ایل سی ضمنی انتخاب کے لئے رائے دہی آج شام پرامن طور پر ختم ہوئی۔اِس نشست کے لئے دو پہر دو بجے تک جملہ چار لاکھ 63 ہزار 839 گریجویٹس ووٹرس نے حق رائے دہی سے استفادہ کیا،جبکہ ووٹنگ کا تناسب زائد از 49.53 فیصد رہا۔رائے دہی کا آغاز صبح آٹھ بجے سے ہوا اور چار بجے ختم ہوا۔چیف الیکٹورل آفیسر کے مطابق دوپہر بارہ بجے تک ووٹنگ کا فیصد 29.30 فیصد رہا۔اِس نشست کے لئے جو بارہ اضلاع میں 34 اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے،605 پولنگ مراکز قائم کئے گئے تھے۔میدان میں جملہ 52 امیدوار ہیں۔ووٹوں کی گنتی 5 جون کو ہوگی۔اسی دوران نارکٹ پلی میں اِس وقت کشیدگی پھیل گئی، جب ایک آزاد امیدوار پلاکوری اشوک نے خود پر کانگریس لیڈر کی جانب سے حملہ کئے جانے کا الزام عائد کرتے ہوئے پولیس اسٹیشن کے روبرو دھرنا دیا۔وہ اپنے حامیوں کے ساتھ نارکٹ پلی پولیس اسٹیشن کے باہر بیٹھ گیا۔بعد ازاں پولیس نے اسے سیکوریٹی فراہم کی۔

☆☆☆

ریاستِ تلنگانہ میں آئندہ پانچ دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دھیرے دھیرے دو تا تین ڈگری سلسیس اضافہ کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ آئندہ پانچ دن کے دوران ریاست بھر میں موسم خشک رہے گا۔مختلف مقامات پر یکم اور 2 جون کو ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا بھی امکان ہے۔جبکہ تلنگانہ میں چند ایک مقامات پر بارش بھی درج کی گئی۔رپورٹ کے مطابق عادل آباد میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 44.8 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔

☆☆☆

تلنگانہ میں کل شب مختلف مقامات پر شدید بارش اور تیز ہوائیں چلنے کے علاوہ بجلیاں چمکنے کے باعث مختلف واقعات میں زائد از 13 افراد ہلاک ہوگئے۔بیشتر اضلاع بشمول ریاستی دارالحکومت حیدرآباد میں شدید بارش کے علاوہ تیز ہوائیں چلیں۔بارش اور تیز ہوائیں چلنے سے درخت گر پڑے،برقی تاروں کو نقصان پہنچا اور حمل و نقل متاثر ہونے کے علاوہ برقی سربراہی بھی مسدود ہوگئی۔ناگر کرنول ضلع میں سات اموات درج کی گئیں۔اسی طرح حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں چار افراد اور میدک میں دو افراد ہلاک ہوگئے۔اِس کے علاوہ محبوب نگر،گدوال،ونپرتی،بھونگیر،سنگاریڈی اور وقارآباد اضلاع میں بھی بارش ہوئی۔

☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا ہے کہ خود غرضی سے اوپر اٹھ کر عوامی بھلائی کے لئے کام کرنے کا جذبہ روحانیت کا ایک سماجی اظہار ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کے لئے خیراتی کام انجام دینا نہایت اہم روحانی اقدار میں شامل ہے۔وہ نئی دہلی میں صاف اور صحتمند سماج کے موضوع پر منعقدہ ایک قومی سمینار سے خطاب کر رہی تھیں۔یہ پروگرام برہما کماریوں کی جانب سے بھارت منڈپم میں منعقد کیا گیا تھا۔صدر جمہوریہ نے کہا کہ کسی کے لئے بھی اچھی سوچ رکھنا اسی وقت ممکن ہے جب کوئی صحتمند ذہنیت کا حامل ہو۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آنجہانی وزیراعظم جواہر لال نہرو کوان کی برسی پر آج خراج پیش کیا۔ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر مودی نے نہرو کوخراج پیش کیا۔ کانگریس پارٹی کے صدر ملکارجن کھرگے، سینئر پارٹی لیڈر سونیا گاندھی اور دیگر قائدین نے بھی جواہر لال نہرو کوان کی 60ویں برسی کے موقع پر نئی دہلی میں واقع ان کی یادگار شانتی وان میں خراج پیش کیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے آج کہا ہے کہ پچھلی ایک دہائی کے دوران نریندر مودی حکومت نے کم اخراجات کے ساتھ مرکزی بجٹ کوایک نئی شکل دی ہے اور اچھی حکمرانی کے لئے شفافیت منی حکمتِ عملی کوفروغ دیا ہے۔سیتارامن نے ایکس پر ایک تفصیلی پوسٹ میں کہا کہ پچھلی ایک دہائی کی صورتحال، کانگریس کی زیرقیادت یو پی اے حکومت سے بالکل مختلف رہی۔جیسا کہ یو پی اے حکومت نے بجٹ کے دوران خسارہ کو چھپایا گیا تھا۔

☆☆☆

وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ آتما نربھر بھارت نظریہ کے تحت صلاحیت کوفروغ دینا اور ملازمت کے مواقع میں اضافہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کو دیئے گئے انٹرویو میں مودی نے کہا کہ ڈائرکٹ بینیفٹ ٹرانسفر کے ذریعہ عوام کو 38 لاکھ کروڑ روپے سے زائد رقم منتقل کی گئی۔ریاستی مشنریوں کو اجاگر کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ حکومت کا مقصد عدم برداشت پر مبنی ہے اور یہ بات یقینی بنانا ہے کہ عمل کی بنیاد پر ثبوتوں کو یقینی بنایا جائے۔وزیراعظم نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ مرکزی حکومت کے ہر فیصلہ کے تحت ''ملک پہلے'' کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔

☆☆☆

محکمہ ٹیلی کمیونی کیشنس اور وزارتِ داخلی امور نے سنچار ساتھی اقدام کے ذریعہ شہریوں کوایس ایم ایس دھوکہ دہی سے محفوظ رکھنے کے لئے ایکشن پلان تیار کیا ہے۔ کمیونی کیشنس کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ بات نوٹ کی گئی ہے کہ پچھلے تین مہینوں کے دوران زائد از دس ہزار جھوٹے پیامات، آٹھ ایس ایم ایس ہیڈرس استعمال کرتے ہوئے روانہ کئے گئے۔ان آٹھ ایس ایم ایس ہیڈرس کے مالکین کو بلیک لسٹ کردیا گیا ہے۔تمام 73 ایس ایم ایس ہیڈرس اور ایک ہزار 522 ایس ایم ایس مواد والے ذمہ داروں کو بھی بلیک لسٹ کیا جاچکا ہے۔

☆☆☆

آندھراپردیش میں آج پیش آئے دوعلیحدہ حادثات میں آٹھ افراد ہلاک ہوگئے۔پولیس کے مطابق ضلع تروپتی میں ایک کار روڈ ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر الٹ گئی، جس کے نتیجہ میں چار افراد ہلاک ہوگئے جبکہ دیگر دوزخمی ہوگئے۔یہ حادثہ آج صبح چنداگری منڈل کے قریب پوتالا پٹو۔نائیڈو پیٹ کے درمیان پیش آیا۔حادثہ کا شکار کار نیلور سے ویلور جارہی تھی، جبکہ مہلوکین کا تعلق ضلع نیلور سے بتایا گیا ہے۔ایک اور حادثہ میں جو ضلع کرشنا میں پیش آیا، چار افراد ہلاک جبکہ ایک دیگر زخمی ہوگیا۔پولیس کے مطابق ایک کار مخالف سمت سے آنے والے ٹرک سے ٹکرا گئی۔اِس حادثہ میں کار میں سوار چار افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ چینائی۔کلکتہ قومی شاہراہ پر باپولا پاڑ منڈل میں پیش آیا۔کار گُوورو سے تاملناڈو سے جارہی تھی۔زخمیوں کو وجئے واڑہ کے سرکاری دواخانہ میں شریک کروایا گیا ہے۔

☆☆☆

وزارتِ آیوش کی جانب سے آل انڈیا انسٹیٹیوٹ آف آیورویدا (اے آئی آئی اے) کے اشتراک سے نئی دہلی کے اے آئی آئی اے کیمپس میں ایک سنسی ٹائزیشن (Sensitizaion) پروگرام منعقد کیا جارہا ہے۔ اِس پروگرام کا مقصد انشورنس کے شعبہ اور آیوش ہیلتھ کیئر کے درمیان اطلاعات کا تبادلہ کرنا ہے۔اِس پروگرام میں جنرل انشورنس کمپنیوں کے سی ای اوز اور سی ایم ڈیز کے علاوہ آیوش ہاسپٹلوں کے مالکین بھی شرکت کریں گے۔اس پروگرام کا مقصد عوام تک آیوش کے علاج کو کم قیمت میں پہنچانا اور ملک بھر میں صحت کے تعلق سے شعور بیدار کرنا ہے۔آیوش کے سکریٹری ویدیا راجیش نے اِس موقع کو آیوش اور انشورنس کے درمیان ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔

☆☆☆

ریاستی چیف سکریٹری شانتی کماری نے کہا ہے کہ ریاست کی یوم تاسیس تقاریب شاندار پیانے پر 2 جون کو سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ پر منائی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سب سے پہلے گن پارک پہنچ کر تلنگانہ کے شہیدوں کو خراج پیش کریں گے اور پھر پریڈ گراؤنڈ پر تقاریب میں شرکت کریں گے۔ سکریٹریٹ میں آج منعقدہ سینئر عہدیداروں کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں چیف سکریٹری نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریاستی نغمہ جاری کریں گے اور خطاب کریں گے۔ اس کے علاوہ ٹینک بینک پر ایک کارنیول منعقد کیا جائے گا جس میں ریاست کے مختلف آرٹسٹ مظاہرہ کریں گے۔

☆☆☆

نلسار یونیورسٹی آف لاء کے وائس چانسلر پروفیسر سری کرشنا دیوا راؤ نے کہا ہے کہ تین نئے قوانین، 150 سال پرانے برطانوی عہد کے قوانین کی جگہ لیں گے۔ جس سے ملک میں عدلیہ کا نظام مزید مستحکم ہوگا۔ نئے کریمنل لاء کے تعلق سے منعقدہ ایک میڈیا ورک شاپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ یہ ورک شاپ پی آئی بی حیدرآباد کی جانب سے منعقد کیا گیا۔